علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ سوشیالوجی)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ :

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026

نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے

کورس: عمرانیات II(413) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی اے

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1تا4)

سوال نمبر1- تحقیقی عمل کی نوعیت، اہمیت اور حدود پر بحث کریں۔ کیا سماجی تحقیق مکمل معروضیت حاصل کر سکتی ہے یا محقق کے ذاتی و ثقافتی رجحانات تحقیق پر اثرانداز ہوتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ تنقیدی تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2- مختلف عمرانی نظریات معاشرتی حقیقت کو سمجھنے کے مختلف زاویے پیش کرتے ہیں۔ کیا نظریاتی اختلافات سماجی مسائل کو بہتر انداز میں سمجھنے میں مدد دیتے ہیں یا ابہام پیدا کرتے ہیں؟ پاکستانی معاشرے کے تناظر میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3- فرد اور معاشرہ ایک دوسرے پر کس حد تک اثرانداز ہوتے ہیں؟ بحث کریں کہ اگر اجتماعی شعور اور سماجی اقدار میں بنیادی تبدیلی آ جائے تو اس کے اثرات سماجی اداروں اور فرد کی شناخت پر کیسے مرتب ہوں گے؟ (20)

سوال نمبر4- ثقافت کے عناصر (اقدار، روایات، زبان، عقائد) ایک دوسرے سے کیسے جڑے ہوتے ہیں؟ اگر کسی معاشرتی گروہ میں ثقافتی تبدیلی واقع ہو تو اس کے سماجی توازن اور ہم آہنگی پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5- مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔

1. تحقیق کے مختلف طریقہ ہائے کار کے فوائد اور محدودیتیں (10)
2. پاکستان کو درپیش تین اہم سماجی مسائل اور ان کی بنیادی وجوہات (10)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 5تا9)

سوال نمبر1- کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے تصور کی وضاحت کریں۔ پاکستانی دیہی اور شہری کمیونٹیز میں ترقی کے عمل کو متاثر کرنے والے سماجی، معاشی اور ثقافتی عوامل کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر2- جرم کا تصور وقت اور ثقافت کے ساتھ کیسے تبدیل ہوتا ہے؟ بحث کریں کہ کن حالات میں کوئی عمل ایک دور میں قابل قبول جبکہ دوسرے دور میں جرم قرار پاتا ہے؟ پاکستانی قوانین اور سماجی تبدیلیوں کے تناظر میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3- منصوبہ بندی اور سماجی ترقی کے باہمی تعلق پر روشنی ڈالیں۔ کیا کسی منصوبے کی کامیابی صرف اس کی تیاری پر منحصر ہوتی ہے یا اس میں عملی حکمت عملی، مقامی حالات اور قیادت بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر4- سماجی ترقی کے تصور کو صرف معاشی ترقی تک محدود کرنا کس حد تک درست ہے؟ اخلاقی اقدار، انسانی آزادی اور سماجی انصاف کو ترقی کے پیمانوں میں کیوں شامل کیا جانا چاہیے؟ (20)

سوال نمبر5- سماجی مسائل کے حل میں ریاست، غیر سرکاری تنظیموں (NGOs) اور افراد کے کردار کا تنقیدی جائزہ لیں۔ کیا پائیدار تبدیلی صرف حکومتی اقدامات سے ممکن ہے یا سماجی شراکت داری ناگزیر ہے؟ (20)